تعلقات عامہ دفتر

جامعہ ملیہ اسلامیہ، نئی دہلی

January 31, 2025

پریس ریلیز

شیخ الجامعہ، جامعہ ملیہ اسلامیہ نے اسکول داخلہ پروسپیکٹس دو ہزار پچیس چھبیس جاری کیا؛ مختلف شہروں میں داخلہ ٹسٹ کی سہولت متعارف ہوئی۔آن لائن درخواستیں یکم فروری سے دی جاسکتی ہیں۔

پروفیسر مظہر آصف، شیخ الجامعہ، جامعہ ملیہ اسلامیہ نے آج جامعہ کے مختلف اسکولوں میں تعلیمی سال دو ہزار پچیس اور چھبیس میں داخلہ کے لیے پروسپکٹس جاری کردیاہے اور اب جامعہ کے کنٹرول امتحانات کی سائٹ https://admission.jmi.ac.in پر درخواست دی جاسکتی ہے۔اسکول پروسپیکٹس کے آن لائن اجرا کے موقع پر پروفیسر محمد مہتاب عالم رضوی، مسجل، جامعہ ملیہ اسلامیہ کے ساتھ ڈاکٹر احتشام الحق ڈپٹی کنٹرول امتحانات، جامعہ ملیہ اسلامیہ موجود تھے۔

بیرونی طلبہ سمیت دوسرے امیدوار بھی پریپ، نرسری، پہلی، چھٹی اور نویں جماعتوں میں داخلے لیے اب درخواست دے سکتے ہیں۔تعلیمی سال دو ہزار پچیس چھبیس میں اسکول داخلہ کے سلسلے میں اہم بات یہ ہے کہ پہلی مرتبہ چھٹی اور نویں جماعتوں میں داخلے کے لیے داخلہ ٹسٹ کولکتہ، سری نگر، لکھنو، پٹنہ اور دہلی میں منعقد ہوں گے۔پروفیسر مظہر آصف، شیخ الجامعہ، جامعہ ملیہ اسلامیہ اور پروفیسر رضوی نے داخلہ ٹسٹ مختلف شہروں میں کرانے کا تصور پیش کیا تاکہ ملک کے دور دراز خطوں میں رہنے والے امیدواروں کو دہلی کا طول طویل سفر نہ کرنا پڑے۔بیرونی طلبہ اور این آر آئیز کے لیے ایک علاحدہ لنگ تیار کیا گیا ہے۔

داخلہ پروسکپیکٹس کے اجرا کے موقع پر اظہار خیال کرتے ہوئے پروفیسر آصف نے کہا کہ اس اقدام سے لسانی و علاقائی گونا گونی میں اضافے کے ساتھ جامعہ اسکول کا تکثیری کردار بھی بہتر ہوگا۔انھوں نے مزید کہا کہ عمر کے ابتدائی مراحل میں طلبہ کی ہمہ جہت ترقی اور نشو ونما میں یہ اہم رول ادا کرے گا۔

جامعہ سینئر سیکنڈری اسکول، جامعہ مڈل اسکول، سید عابد حسین سینئر سیکنڈری اسکول (بشمول پرائمری سیکشن) سلیف

فینانس) جامعہ گرلس سینئر سیکنڈری اسکول (سیلف فینانس) اور مشیر فاطمہ نرسری اسکولوں میں داخلے کے لیے آن لائن درخواست فارم یکم فروری دو ہزار پچیس سے دستیاب ہوں گے۔ پانچ سو روپے کی فیس کے ساتھ آن لائن درخواست فارم کرنے کی آخری تاریخ اکیس فروری دو ہزار پچیس ہے۔ان اسکولوں میں داخلے کے لیے درخواست جامعہ ویب سائٹ

(https://admission.jmi.ac.in).

سے دی جاسکتی ہے۔

قرعہ اندازی کی تاریخ اور داخلہ ٹسٹ سے متعلق مزید معلومات اور تفصیل کے لیے براہ کرم یونیورسٹی کی ویب سائٹس

www.jmi.ac.in

www.jmicoe.in .

سے رجوع کیا جاسکتا ہے۔

یونیورسٹی کے بالک ماتا سینٹر کے لیے آف لائن درخواست فارم پانچ مارچ دو ہزار پچیس سے دستیاب ہوں گے اور پچاس روپے کی فیس کے ساتھ انھیں جمع کرنے کی آخری تاریخ پندرہ اپریل دو ہزار پچیس ہے۔ بالک ماتا سینٹرز میں داخلے کے درخواست فارم کی ہارڈ کاپی مٹیا محل، قصاب پورہ اور بیری والا سے حاصل کیے جاسکتے ہیں اور انھیں مراکز پر جمع بھی کیے جاسکتے ہیں۔

پروفیسر مسلم خان، چیئر مین اسکول پروسپیکٹس کمیٹی اور کمیٹی کے لیے شیخ الجامعہ کے نامزد پروفیسر اقتدار محمد خان نے کمیٹی کے سبھی اراکین کے سرگرم تعاون اور پروسپیکٹس کے بروقت اجرا کو ممکن بنانے کے لیے ان کی کوششوں شکریہ ادا کیا ۔ڈاکٹر حق نے کمیٹی شیخ الجامعہ اور مسجل جامعہ ملیہ اسلامیہ کی طرف سے حاصل ہونے والے بے پایاں تعاون کی ستائش کی۔

تعلقات عامہ دفتر

جامعہ ملیہ اسلامیہ نئی دہلی